آدٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 26 | 25 جمادی الاول 1447 پیر 17 نومبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 280

صدر مملکت کا اردن کے شاہ عبداللہ کو اعلیٰ ترین سول ایوارڈ

شاہ اردن نے صدر آصف علی زرداری کو وسام النہضہ المرصع (آرڈر آف دی رینیسانس) سے نوازا جو سربراہان مملکت اور معزز شخصیات کو دیا جاتا ہے

صدر نے اردن کیساتھ قریبی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا، دونوں رہنماؤں کا مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال، خطے میں امن و استحکام کی مشترکہ حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اردن کے شاہ عبداللہ کو اعلیٰ ترین سول ایوارڈ سے نواز دیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور شاہ عبداللہ دوم کی ملاقات ہوئی جس میں صدر نے

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28

اسلام آباد کچہری خودکش دھماکا، ملزمان کے اہم انکشافات

ملزمان ڈھوک پراچہ میں ہی کرائے کے گھر میں روپوش ہو گئے تھے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد کے جی الیون کچہری خودکش دھماکے کے سہولت کار اور گرفتار ساتھیوں سے تفتیش کے دوران اہم انکشافات سامنے آ گئے۔

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31

وزیراعظم آج ایک روزہ دورے پر کراچی پہنچیں گے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30

جنگی جہازوں کی جانب سے اردن کے بادشاہ کا پرتپاک استقبال

جے ایف 17-تھنڈر اور ایف 16-فالکن طیاروں کے 6 رکنی دستے نے سلامی دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فضائیہ کے جنگی جہازوں کی جانب سے اردن کے بادشاہ کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ پاک فضائیہ کے جے ایف 17-

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29



اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں اردن کی ہاشمی بادشاہت کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین ملاقات کر رہے ہیں

جنگ مسلط کی تو مٹی والا جواب دیں گے — فیلڈ مارشل

اللہ نے فتحیاب کیا ہے، یہ کامیابی اللہ کی طرف سے ہے، مسلمان جب اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو دشمن پر پھینکی مٹی کو بھی میزائل بنا دیتا ہے، اللہ کے حکم کے مطابق فرائض کی انجام دہی کرتا ہوں

مسلمانوں کے خلاف جس طرح دشمنوں کی تعداد بڑھی تھی تو وہ مٹی بھی ان کی آنکھوں کو بند کر دیتی تھی، فیلڈ مارشل کا ایوان صدر میں اردن کے بادشاہ کے جانے کے بعد اظہار خیال

اٹک (مانیٹرنگ ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور اگر دشمن نے پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو اسی طرح جواب دیں گے جیسے مئی میں دیا تھا۔ فیلڈ مارشل نے ایوان صدر میں اردن کے بادشاہ کے جانے کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح ہمیں کریم ﷺ کو اللہ نے کامیابی دی، اسی طرح ہمارے لوگوں کو کامیابی دی۔ عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان پر جب مئی کے مہینے میں جنگ آئی، پاکستان کے سپاہی اللہ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32

حکومت عوام پر لیوی بم گرا دیا، 1.60 روپے کا اضافہ

پیٹرول پر پیٹرولیم لیوی میں ایک روپے 60 پیسے اضافہ کیا گیا، ڈیزل سے پیٹرولیم لیوی کم کر دی گئی، دستاویز

ڈیزل پر لیوی کی شرح 77 روپے 1 پیسے سے 75 روپے 41 پیسے مقرر کی گئی، تفصیلات جاری کر دی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ دستاویز کے مطابق پیٹرول پر لیوی میں اضافہ کر دیا گیا، ڈیزل سے پیٹرولیم لیوی کم کر دی گئی۔ لیوی ایک روپے 60 پیسے فی لیٹر کم کی گئی، ڈیزل پر لیوی کی شرح 77 روپے 1 پیسے سے 75 روپے 41 پیسے مقرر کی گئی۔ پیٹرول پر پیٹرولیم لیوی میں ایک روپے 60 پیسے اضافہ کیا گیا، شرح 78 روپے 2 پیسے سے بڑھا کر 79 روپے 62 پیسے مقرر کی گئی۔ دستاویز کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل پر کاربن لیوی کی شرح برقرار رکھی گئی، ڈیزل پر فریٹ مارجن 1 روپے 82 پیسے فی

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33



کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ زیر تعمیر کورنگی کازوے کے ترقیاتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

پائیدار کام ہونا چاہئے معیار پر سمجھوتہ نہیں — وزیر اعلیٰ سندھ

اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ شہریوں کو بنا کسی تکلیف کے نقل و حرکت کی سہولیات میسر آ سکیں، سید مراد علی شاہ

کورنگی کازوے، شاہراہ بھٹو اور کریم آباد انڈر پاس کے کام کے بہتر معیار اور رفتار میں اضافے کی واضح ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کراچی کے تین اہم منصوبوں کورنگی کازوے، شاہراہ بھٹو اور کریم آباد انڈر پاس کے کام کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کام کے بہتر معیار اور رفتار میں اضافے کی واضح ہدایات جاری کیں۔ مسائل کے فوری حل اور تمام ٹھیکیداروں کو زور دیتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ شہریوں کو بنا کسی تکلیف کے نقل و حرکت کی سہولیات میسر

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34

کراچی تعلیمی اور تکنیکی میدان میں ملک کا قائد بنائیں گے — خالد مقبول

کراچی کو تعلیمی اور تکنیکی میدان میں ملک کا قائد بنانا ہے، تعلیم اور شعور ہی فلاح کا واحد راستہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہیں

تعلیم کی روشنی کو پاکستان کے طول و عرض میں عام کرنا ہمارا نصب العین ہے، وفاقی وزیر تعلیم کا کمیونٹی اسکولز میں تقریب سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین اور وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی سرپرستی میں ڈائریکٹوریٹ جنرل آف بیسک ایجوکیشن کمیونٹی اسکولز (BECS) کے زیر اہتمام 100 نو قائم شدہ اسکولوں کے اساتذہ کی تربیت کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد ملک کا قومی ترانہ پیش کیا گیا۔

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35

عدم برداشت کا خاتمہ قانون، تعلیم اور شعور کی مضبوطی ناگزیر ہے — گورنر سندھ

سندھ کی پہچان ہم آہنگی، بھائی چارہ اور مختلف ثقافتوں کا احترام ہے، رواداری اور احترام پر مبنی معاشرہ ہی پُرامن اور مستحکم ریاست کی ضمانت ہے

عوام اختلاف رائے کے باوجود ایک دوسرے کو قبول کریں، کیونکہ رواداری کمزوری نہیں بلکہ مضبوط کردار اور اعلیٰ اخلاق کی علامت ہے، کامران خان ٹیسوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی یوم برداشت کے موقع پر گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے ایک اہم پیغام میں کہا ہے کہ رواداری اور احترام پر مبنی معاشرہ ہی پُرامن اور مستحکم ریاست کی ضمانت ہے۔ گورنر سندھ نے واضح کیا کہ عدم برداشت کے خاتمے کے لیے قانون، تعلیم اور شعور کی مضبوطی ناگزیر ہے۔ گورنر کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ سندھ کی پہچان ہم آہنگی، بھائی چارہ اور مختلف ثقافتوں کا احترام ہے، اور یہی اقدار صوبے کی اصل طاقت ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اختلاف رائے کے باوجود ایک دوسرے کو قبول کریں، کیونکہ رواداری کمزوری نہیں بلکہ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36

جعلی نمبر پلیٹ والی گاڑی بھی یہ نیا سسٹم پکڑے گا — DIG ٹریفک

کراچی میں 24 ہزار کیمروں کی ضرورت ہے جب یہ سسٹم کامیاب ہوگا تو لوگ سراہیں گے، پیر محمد شاہ

اب سیف سٹی کی گاڑیاں شہر کے چوراہوں پر آئیں گی جسے سسٹم بتا رہا ہے گا اور گاڑی جہاں سے جائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے بتایا ہے کہ جعلی نمبر پلیٹ والی گاڑی بھی یہ نیا سسٹم پکڑے گا، مثال کے طور پر ایک بندہ بس کی چھت پر لوگ اٹھا کر چلا رہا یا کسی کی گاڑی کے کالے شیشے ہیں تو سسٹم کیمرہ بتائے گا اور گاڑی پکڑی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی کی گاڑیاں شہر کے چوراہوں پر آئیں گی جسے سسٹم بتاتا رہے گا اور گاڑی جہاں سے جائے گی کیمرہ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41



سیکریٹری جنرل سندھ سید انور علوی اور وائس چیئرمین کراچی ایم پی عباسی منتخب عہدیداروں سے خطاب کرتے ہوئے

ہر چیز کا علم تھا عمران خان نہتے کالے نہیں — عمران اسماعیل

بانی پی ٹی آئی کہتے رہے ہیں کہ وہ بشریٰ بی بی کو مرشد مانتے ہیں، گھر میں جو کچھ ہوا سب کا علم رکھتے ہیں، سابق گورنر

جہانگیر ترین کی موجودگی میں یہ کالے کپڑے اور جادو والی بات ہوئی تھی، علم نہیں جہانگیر نے یہ بات کی تھی یا نہیں، بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما و سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کہتے رہے ہیں کہ وہ بشریٰ بی بی کو مرشد مانتے ہیں۔ انہوں نے تصدیق کی کہ ذاتی زندگی کے ساتھ بانی پی ٹی آئی کے سیاسی فیصلوں میں بھی بشریٰ بی بی کا اثر و رسوخ رہا۔ انہوں نے کہا کہ جہانگیر ترین کی موجودگی میں یہ کالے کپڑے اور جادو والی بات ہوئی تھی، مجھے

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37

نومولود بچی کے انتقال پر سیل اسپتال کے کھلنے پر دوبارہ ایکشن

غیر قانونی طور پر اسپتال چلانے اور مسلسل عدم تعمیل پر دوبارہ سیل کیا گیا، سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن نے بچی کی ہلاکت میں ملوث شاہ میڈیکل سینٹر کو دوبارہ سیل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن نے شاہ میڈیکل سینٹر، ناظم آباد کو غیر قانونی طور پر اسپتال چلانے اور مسلسل عدم تعمیل کے باعث دوبارہ سیل کر دیا ہے۔ اطلاع ہے میں بتایا گیا ہے کہ اسپتال ایک نومولود بچی کی ہلاکت کے واقعے

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38

آئینی عدالت کی پہلی کاز لسٹ جاری

آئندہ ہفتے وفاقی آئینی عدالت میں 3 بینچ مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں وفاقی آئینی عدالت کے قیام کے بعد پہلی کاز لسٹ جاری کر دی گئی۔ جاری ہونے والی کاز لسٹ کے مطابق آئندہ ہفتے وفاقی آئینی عدالت میں تین بینچ مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کل سے مقدمات سنیں گے اور جسٹس حسن اظہر رضوی بھی کل سے مقدمات سنیں گے۔ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس کے کے آغا پر مشتمل دو رکنی بینچ بھی کل سے مقدمات کی سماعت کرے گا۔

اپینک کراچی ڈویژن کے الیکشن صوبائی دفتر اپینک میں منعقد ہوا

انوار علوی سید اور ملک اشفاق کی علالت کے باعث لیبر لیڈر عباس احمد نے رکن کی حیثیت سے نگرانی کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اپینک کراچی ڈویژن کے الیکشن صوبائی دفتر اپینک واقع دفتر 505 لینڈ مارک پلازہ آئی آئی چندریگر روڈ میں چیئرمین الیکشن کمیٹی ایم پی عباسی صوبائی چیئرمین اپینک کی زیر نگرانی اراکین الیکشن کمیٹی ایڈووکیٹ محمد اکرام، لیبر لیڈر سید ذوالفقار شاہ، جنرل سیکریٹری سندھ اپینک انوار علوی سید اور ملک اشفاق کی علالت کے باعث لیبر لیڈر عباس احمد نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

چینی کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں

ہول سیل مارکیٹ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 2 روپے کا اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مختلف شہروں میں چینی کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ حیدرآباد میں گزشتہ روز کے دوران ہول سیل مارکیٹ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 2 روپے کا اضافہ ہوا، فی کلو قیمت 178 روپے سے بڑھ کر 180 روپے تک جا پہنچی۔ حیدرآباد میں ریٹیل مارکیٹ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے اضافہ ہوا ہے، چینی کی فی کلو قیمت 185 سے بڑھ کر 190 روپے ہو گئی ہے۔ فیصل آباد میں بھی چینی کی قیمت میں اضافے کا رجحان جاری ہے۔

دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کا بریک ڈاؤن، پانی کی فراہمی متاثر

متاثرہ لائن کی مرمت کا کام ہنگامی بنیاد پر شروع کر دیا گیا ہے، ترجمان واٹر کارپوریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر بجلی کے بریک ڈاؤن کے باعث کراچی کو پانی سپلائی کرنے والی لائن نمبر 5 متاثر ہوئی۔ اتوار 6 بجے ہونے والے بجلی کے بریک ڈاؤن میں سیکنڈ فیز کے 4 پمپ بند ہو گئے تھے۔ دن پہلے کے نتیجے میں دھابیجی پمپنگ سے کراچی کو 100 ملین گیلن پانی کی فراہمی متاثر رہے گی۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطابق

حیدرآباد میں آبادی کے درمیان پٹاخہ فیکٹری کا لرزہ خیز واقعہ

ایم کیو ایم پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی کا ہلاکتوں پر شدید تشویش کا اظہار

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی نے حیدرآباد میں پٹاخہ فیکٹری میں آتشزدگی اور ہلاکتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں کہا ہے کہ افسوسناک حادثہ سراسر انتظامی غفلت کا شاخسانہ

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39

کراچی، غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان بغیر لائسنس کرنسی ایکسچینج کا کاروبار کر رہے تھے، ڈیجیٹل شواہد بھی برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) کمرشل بینکنگ سرکل اور اسٹیٹ بینک سرکل کراچی نے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ڈی جی ایف آئی اے کی ہدایت پر غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اور ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل اور

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40



فاطمہ جمال میموریل ویلفیئر کے زیر اہتمام چھاتی کے سرطان سے آگاہی سیمینار

چھاتی کے سرطان کے بارے میں آگاہی، بروقت تشخیص اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فاطمہ جمال میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام چھاتی کے سرطان سے آگاہی سیمینار کا کامیاب انعقاد کے پی ٹی اسٹاف کالج میں کیا گیا۔ اس سیمینار کا مقصد خواتین میں چھاتی کے سرطان (Breast Cancer) کے بارے میں آگاہی، بروقت تشخیص اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ یہ پروگرام خواتین کی ہمت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

عقیدۂ ختم نبوت امت میں وحدت و اتفاق کی علامت ہے — فضل الرحمٰن

پاکستان سے خیر سگالی کا پیغام لائے اور یہاں سے خیر سگالی کا پیغام لے کر جائیں گے، سربراہ جے یو آئی (ف) کا ڈھاکہ میں تاریخی کانفرنس سے خطاب

جے یو آئی نے 27 آئینی ترمیم اور دیگر قانون سازی پر مرکزی شوریٰ کا اجلاس 23 نومبر کو طلب کر لیا، مرکزی رہنما جے یو آئی مولانا امجد خان

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت امت میں وحدت و اتفاق کی علامت ہے۔ وہ عالمی تاریخی ختم نبوت کانفرنس سہروردی گراؤنڈ ڈھاکہ میں خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک کسی تشدد کا نہیں بلکہ جدوجہد کے تسلسل کا نام ہے۔ برصغیر کے مسلمان اور تمام مکاتب فکر کے علما متفق ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا اور نبوت کا دعویٰ کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج تصور کیا جائے گا۔ ہم پاکستان سے خیر سگالی کا پیغام لے کر آئے ہیں اور بنگلہ دیش سے خیر سگالی کا پیغام لے کر جائیں گے۔

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44

ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کے سی سی آئی کا دورہ

KCCI کی قیادت، عہدیداران اور منیجنگ کمیٹی کے اراکین کے ساتھ متعدد مسائل پر تبادلہ خیال کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کے سی سی آئی کا دورہ ڈی آئی جی پی ٹریفک کراچی، جناب پیر محمد شاہ پیر، 17 نومبر 2025 کو سہ پہر 03:15 پر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (KCCI) کا دورہ کریں گے اور KCCI کی قیادت، عہدیداران اور منیجنگ کمیٹی کے اراکین کے ساتھ متعدد مسائل پر تبادلہ خیال کریں گے۔

گنے کی ریکارڈ پیداوار کے باوجود 90 فیصد ملیں غیر فعال ہونے کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن نے گنے کی بمپر پیداوار کے باوجود چینی کی قیمتوں کے بحران کو مصنوعی قرار دیتے ہوئے ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کر دیا ہے۔

وزیر ریلویز حنیف عباسی کا کینٹ اسٹیشن کراچی کا دورہ

سی آئی پی لانجز اور فیملی لانجز کا دورہ بھی کیا اور شالیمار ایکسپریس میں بھی انتظامات دیکھے

کراچی کینٹ اسٹیشن پر لاہور سے زیادہ بہتر سہولتیں ہیں، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے کراچی کینٹ اسٹیشن کا دورہ کیا، اس موقع پر ڈی ایس کراچی محمود الرحمٰن لاکھو اور دیگر بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر ریلوے نے سی آئی پی لانجز اور فیملی لانجز کا دورہ بھی کیا اور شالیمار ایکسپریس میں بھی

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42

نادرا نے یو سی سے میرج سرٹیفکیٹ بنوانے کا طریقہ متعارف کروا دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے یونین کونسل سے میرج سرٹیفکیٹ بنوانے کا طریقہ بتا دیا۔ ہر شادی شدہ جوڑے کو اپنی شادی یونین کونسل میں رجسٹر کروانا لازمی ہے۔ اس

باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43



پشاور، وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی شاہراہوں کی بحالی و بیوٹیفکیشن کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

دہشت گردی کی نئی لہر

ملک میں دہشت گردی کے دو واقعات رونما ہوئے ہیں، پہلے میں پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کچہری کے باہر خودکش دھماکے کے نتیجے میں بارہ افراد جاں بحق جب کہ 36 افراد زخمی ہو گئے جب کہ دوسرے واقعے میں وانا کیڈٹ کالج پر حملہ آور تمام خوارج جہنم واصل ہو گئے، تمام 650 طلبہ اساتذہ کو بحفاظت ریسکیو کر لیا گیا۔ اس وقت کالج کی بلڈنگ کو بارودی سرنگوں کے خطرے کی وجہ سے کلیئر کیا جا رہا ہے۔ اسلام آباد کی کچہری کے باہر ہونے والا خودکش دھماکا بظاہر ایک دہشت گردی کا واقعہ لگتا ہے مگر اس کے اثرات محض بارہ قیمتی جانوں کے ضیاع اور درجنوں کے زخمی ہونے تک محدود نہیں۔ یہ واقعہ پاکستان کے وفاقی دارالحکومت کے عین وسط میں، عدلیہ کے دروازے پر ہوا جہاں انصاف اور قانون کی علامتیں موجود ہیں۔ اس جگہ پر حملہ دراصل ریاست کے ستونوں پر حملہ تھا۔ دہشت گردوں نے یہ پیغام دیا کہ ان کی دسترس اب مرکز تک ہے، وہ عدالت، حکومت، قانون اور عوامی تحفظ کے بیچ میں گھس سکتے ہیں۔ ان کا مقصد صرف جسمانی نقصان نہیں بلکہ خوف کا ایسا سایہ ڈالنا ہے جو شہریوں کے ذہنوں میں دیر پا بیٹھ جائے۔ یہی دہشت گردی کا اصل ہتھیار ہے خوف، عدم یقین اور بداعتمادی۔ دوسری طرف، وانا کیڈٹ کالج پر حملے کا واقعہ، جہاں تمام طلبہ و اساتذہ کو بحفاظت نکالا گیا مگر عمارت کو بارودی سرنگوں کے خطرے کی بنا پر کلیئر کیا جا رہا ہے، ایک مختلف مگر اتنا ہی خطرناک پیغام رکھتا ہے۔ دہشت گردی کا یہ انداز بتاتا ہے کہ دشمن اب تعلیمی اور عسکری تربیت کے مراکز کو نشانہ بنا رہا ہے۔ کیڈٹ کالج پاکستان کے مستقبل کے محافظوں کی نرسری ہے۔ ان اداروں پر حملہ دراصل پاکستان کے کل پر حملہ ہے۔ دہشت گرد چاہتے ہیں کہ یہ ملک اپنی نئی نسل کو خوف میں مبتلا کرے۔ دہشت گردی کے اس دور میں یہ پہلو سب سے تشویشناک ہے کہ دشمن نے اپنی حکمت عملی کو نفسیاتی جنگ میں بدل دیا ہے، جہاں مقصد صرف قتل نہیں بلکہ امید کا قتل ہے۔ پاکستانی ریاست اور عوام دونوں اس حقیقت سے واقف ہیں کہ دہشت گردی کی یہ لہر اچانک نہیں اٹھی۔ اس کے پیچھے وہی پرانے زخم، نا تمام جنگیں اور غیر متوازن تعلقات ہیں جن کا محور افغانستان رہا ہے۔ افغانستان کی موجودہ صورتحال نے پاکستان کیلئے نئے خطرات پیدا کیے ہیں۔ افغانستان نے اپنی سرزمین دہشت گردوں کیلئے محفوظ پناہ گاہ بننے دی ہے اور اب تو صورتحال یہ ہے کہ وہ بھارت کی پراکسی میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بھارت، جو افغانستان میں برسوں سے سرمایہ کاری اور سیاسی اثر و رسوخ پیدا کرتا آیا ہے، اب وہاں سے پاکستان کے خلاف ایک خاموش مگر خطرناک محاذ چلا رہا ہے۔ بھارت کی اس پراکسی پالیسی کا مقصد پاکستان کو عسکری میدان میں الجھائے رکھنا، اس کی معیشت کو کمزور کرنا اور اس کے اندرونی استحکام کو کھوکھلا کرنا ہے۔

سڑک برائے فروخت، قیمت تھوڑا زیادہ بھتہ!

اداروں کی 'کارروائی' یا بھتے کی 'اپ ڈیٹ'؟



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

کراچی شہر میں گزشتہ ہفتے اور رواں ہفتے ایک ایسا ڈرامہ چلا جو دیکھنے والوں کو ہنسی بھی آئی اور غصہ بھی۔ درجنوں ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کو سیل کر دیا گیا، کیونکہ یہ لوگ اپنے پورے سیٹ اپ کے ساتھ سڑکوں پر قبضہ جمائے بیٹھے تھے۔ سڑکیں تو عوام کی ہیں، مگر یہ حضرات نے انہیں اپنا ذاتی پارکنگ لاٹ اور ڈائننگ ایریا بنا رکھا تھا۔ اداروں کی گاڑیاں آئیں، سیل کیے، جرمانے کیے اور اعلان کیا کہ اب کوئی سڑک پر قبضہ نہیں کرے گا۔ عوام نے سوچا کہ شاید اب ٹریفک جام سے نجات ملے گی، پیدل چلنے والوں کو راستہ ملے گا اور شہری رونق بحال ہوگی۔ مگر یہ تو اس ایک تماشا تھا! اچانک پھر بعد اداروں نے 'مدد' لے کر کے انہیں کہا کہ اپنے شہر کے اندر رہ کر کام جاری رکھو، اور دیکھتے ہی دیکھتے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس دوبارہ کھل گئے...

جیسے بلی کو دودھ کی رکھوالی سونپی جائے اور پھر حیران ہوں کہ دودھ کیوں غائب ہے۔ کراچی والے تو اب ایسے ڈراموں کے عادی ہو چکے ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ کب تک یہ تماشا چلے گا؟

اب بات آتی ہے ان اداروں کی جو خود کو شہر کا نگہبان کہتے ہیں۔ ان کی کارروائیوں کا نتیجہ کیا نکلا ہے؟ بس ایک ہفتے کی خاموشی اور پھر وہی دھندہ۔ عوام کو لگتا ہے کہ یہ سب ایک پلان کا حصہ ہے۔ پہلے سیل کرو، جرمانہ لو، میڈیا میں شوبازی کرو اور پھر چپکے سے 'مدد' لے کر کے بھتہ بڑھا لو۔ سڑکیں فروخت ہو رہی ہیں، مگر قیمت تھوڑی زیادہ ہے...

کراچی میں خونی سڑکیں: ڈمپرز اور ٹرکوں کا قاتلانہ رقص!



تحریر: سید فیصل احمد

کراچی، یہ وہ شہر ہے جہاں ہر روز سڑکیں خون سے رنگین ہوتی ہیں۔ سال 2025 میں اب تک تقریباً 900 افراد ان قاتل ٹرکوں اور ڈمپرز کے نیچے کچل کر ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ زخمیوں کی تعداد 10 ہزار سے بھی تجاوز کر چکی ہے۔ یہ میٹروپولیٹن شہر جہاں ہزاروں کمرشل ٹرانسپورٹس دفتر کی پک اینڈ ڈراپ اور سکول وینز کی شکل میں چلتی ہیں، وہاں تیل، ڈیزل اور پیٹرول کی سپلائی کرنے والے ٹینکرز بھی لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں۔ لیکن ان ٹرانسپورٹس سے کوئی حادثہ نہیں ہوتا، کوئی جان نہیں جاتی۔ پھر یہ چند ہزار یا شاید پانچ ہزار کے قریب...

کوئی ایسا انتظام موجود نہیں۔ نہ ان کی تعلیم کی کوئی شرط، نہ لائسنس کی پڑتال، اور نہ ہی یہ پتہ کہ وہ نشے میں تو نہیں گھومتے۔ یہ لوگ روزانہ عوام کو کچل کر ہلاک کرتے ہیں، اور ان کے خلاف کوئی مقدمہ تک نہیں بنتا۔ یہ کیسا انصاف ہے جہاں موت بانٹنے والے آزاد گھومتے ہیں، اور شہری خوف کے سائے میں جی رہے ہیں؟

رات 10 بجے کے بعد سڑکوں پر ٹرک اور ڈمپر چلانے کا نوٹس تو جاری ہوا، لیکن وہ اب ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا ہے۔ کوئی ادارہ ان کے لائسنس چیک نہیں کرتا، اور حکومت اس معاملے پر سوچنے سے بھی گریزاں ہے۔ بس روزانہ یہی خبر آتی ہے کہ...

ڈی اکانومسٹ کا بشریٰ بی بی پر تہلکہ خیز انکشاف: جادو، سازش اور خفیہ اثر!



تحریر: عادل کراچی والا
سینئر تجزیہ کار

شعاع النبی ایڈووکیٹ کے انتقال پر ابن ایل ایف کی تعزیت

تعلیم کے ذریعے ہی پاکستان ترقی کر سکتا ہے۔قاری محمد کریم

مینٹل گیمز کا کراچی میں انعقاد خوش آئند ہے، احمد چوہان

سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ، پی ٹی کے اسٹارز کی فتح، فائنل میں رسائی

پیپلز پارٹی غریب عوام کی جماعت ہے، عبدالجبار خان



انشاءاللہ تعالیٰ عوام کی دعا سے عمران خان جلد رہا ہو گے۔فضل وہاب



تقرریوں کا اشتہار آنے کے بعد ریٹس لگ رہے ہیں، روبینہ یاسمین

پیپلز پارٹی غریبوں کی جماعت ہے۔فہیم بہاری

پیپلز پارٹی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔سردار محمد اکبر چانڈیو

آرٹس "ورلڈ کلچر فیسٹیول" "ڈانس نائٹ 2.0" نے میلہ لوٹ لیا

فیسٹیول میں ڈانس ورکشاپ، فلم اسکریننگ اور تھیٹر میں شائقین کی دلچسپی، ہانگ کانگ سے آئے Anisha Thai کے ساتھ ڈانس ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

عوام اللہ تعالیٰ کے رحم و کرم پر زندگی گزار رہے ہیں۔زیارت گل

وفاقی حکومت کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔جاوید حسین انصاری

شاہد غوری کو عمرہ کی ادائیگی پر مختلف شخصیات کی دلی مبارکباد



کرپشن فاؤنڈیشن کے تحت کرسمس کی تیاریاں شروع ہو گئی، مورس سنی

پاک فوج کے خلاف ایک لفظ برداشت نہیں کر سکتے، جمیل ضیا

عسکری اصلاحات پر کچھ جماعتوں کا اعتراض افسوسناک ہے، پیپلز پارٹی رہنما

مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔زاہد اقبال

مدینہ کے بعد پاکستان دوسری عظیم نظریاتی ریاست ہے، اسلم فاروقی

مہنگائی عوام کی برداشت سے باہر ہو گیا۔نور محمد نوپی والا

انسانیت کی خدمت میری زندگی کا مقصد ہے۔جمال کھوکھر





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

رکن کی حیثیت سے کراچی کی ایسوسی ایشن میں 22 اراکین کا بلا مقابلہ الیکشن عمل میں آیا۔ جس کا ابتدائی اعلان چیئرمین الیکشن کمیٹی ایم بی عباسی نے مرکزی چیئرمین صدیق اختر کی منظوری سے موقع پر کر دیا جس کی حاضرین نے ہاتھ اٹھا کر منظوری دی۔ نو منتخب عہدیداران میں چیئرمین کراچی ڈویژن خالد محمود، سینئر وائس چیئرمین محمد نعیم، وائس چیئرمین رحمان ملک، وائس چیئرمین (خاتون) کمار یہ حلیم، جنرل سیکرٹری محمد علی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری حیات اللہ، اسسٹنٹ جنرل سیکرٹری یٰسین ارشاد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری نظام الدین، فنانس سیکرٹری عمران شہزاد، ڈپٹی فنانس سیکرٹری شیخ عمران، انفارمیشن سیکرٹری ارسلان میو، ایگزیکٹو ممبران میں فاروق راجپوت، کاشف نعیم، ہاشم سدیان، شبیر تگرانی، محمد عمران خان غوری، سید علی زین العابدین شاہ، راجہ شیر از مجید، ملک کلیم اللہ خان، سید ساجد حسین شاہ ہمدانی، یوسف بادشاہ، چشتی قادری شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

اور قیمتی سوچ کو سلام" کے عنوان سے منعقد ہوا، جس میں ماہرین صحت، خواتین حیات یافتہ (Survivors)، طلبہ اور مختلف سماجی و تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کی "مہمان خصوصی" کوآرڈینیٹر وزیراعظم یوتھ پروگرام سندھ ڈاکٹر فہد شفیق اور محترمہ ڈاکٹر فوزیہ حمید، رکن صوبائی اسمبلی سندھ تھیں، جنہوں نے اپنی گفتگو میں خواتین کی صحت سے متعلق آگاہی کی اہمیت اور حکومتی سطح پر جاری اقدامات پر روشنی ڈالی اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ ڈاکٹر ربیعہ کماری، کلینیکل آنکولوجسٹ، ڈاکٹر ضیاء الدین اسپتال، کلفٹن (نے بطور اسپیکر شرکت کی اور شرکا کو چھاتی کے سرطان کی ابتدائی علامات، علاج اور باقاعدہ معائنے کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ محترمہ ہما ہلال، صدر فاطمہ جناح میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن نے اپنے خطاب میں کہا کہ "چھاتی کے سرطان کے خلاف جنگ میں سب سے موثر ہتھیار آگاہی اور بروقت تشخیص ہے۔ ہمیں خواتین کو یہ یقین دلانا ہے کہ وہ اپنی صحت کو اولین ترجیح دیں۔" سیمینار میں خواتین حیات یافتہ کی حوصلہ افزا کہانیاں، سوال و جواب کا سیشن، اور شرکا و معزز مہمانوں کو شیلڈز اور سرٹیفکیٹس پیش کیے گئے۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی جی ایس بی سی اے مزمل ہالیپوٹو، آباد کے سابق چیئرمین اور لائیڈ ہنگل کے سرپرست اعلیٰ محسن شیخانی، آباد کے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، حیدرآباد ریجن کے وائس چیئرمین عبداللہ جان میمن اور آباد ممبران کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ 27 ویں آئینی ترمیم کراچی کے لوگوں کے فائدے کیلئے بنی ہے، نئے صوبے بنانا مشکل ہے۔ سندھ میں موجود صوبائی مشینری کے اخراجات کی تکمیل نہیں ہو پا رہی ایسے میں نئی اسمبلیاں، عدالتیں اور انفرا اسٹرکچر بنانا ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کا بلدیاتی نظام پاکستان کے تمام صوبوں کے بلدیاتی نظاموں سے بہتر ہے۔ حکومت تعمیراتی شعبے کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہے۔ جو ابھی زیر التوا ہیں وہ فوری جاری کیے جائیں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ عوام کو سستے رہائشی منصوبے بروقت فراہم ہوں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ایس بی سی اے سمیت کئی محکموں میں بہتری کی ضرورت ہے اور ناجائز طور پر بلڈرز کو تنگ کرنے والے افسران کو عہدوں سے ہٹایا بھی جا چکا ہے۔ غیر قانونی تعمیرات روکنا ضروری ہے مگر جائز کاموں میں رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ صوبائی حکومت صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو کے وژن کے مطابق سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے کوشاں ہے، ہماری خواہش ہے کہ بلڈرز ملک چھوڑ کر بیرون ملک نہ جائیں۔ وزیر بلدیات نے یقین دلایا کہ حکومت بلڈرز اور ڈویلپرز کے ساتھ مل کر ایسے اقدام کرے گی جن سے روزگار، رہائش اور تعمیراتی معیشت میں حقیقی بہتری ممکن ہو سکے۔ ...

27 ویں آئینی ترمیم پہلے آجاتی تو نسلہ ٹاور مسمار ہونے سے بچ جاتا ، ناصر حسین شاہ

نئے صوبے بنانے کی باتیں ایک شوشا اور محض ذہنی فتور ہے، جلد کراچی کے انفرااسٹرکچر کو بہت بہتر کیا جائیگا، پاکستان کی معیشت میں کراچی شہر کا 70 فیصد حصہ ہے

کراچی (این پی پی) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ اگر 27 ویں آئینی ترمیم پہلے آجاتی تو نسلہ ٹاور مسمار ہونے سے بچ جاتا، نئے صوبے بنانے کی باتیں ایک شوشا اور محض ذہنی فتور ہے، بہت جلد کراچی کے انفرااسٹرکچر کو بہت بہتر کیا جائے گا، پاکستان کی معیشت میں کراچی شہر کا 70 فیصد حصہ ہے لیکن وفاق کی جانب سے کراچی کو پی آر ٹی کا منصوبہ دے کر بہلایا گیا، سو ارب روپے کا وعدہ بھی وفا نہیں

سعودی حکومت اور آباد میں ایم او یو پر دستخط ہوا ہے، جس کے تحت کراچی کے تعمیراتی شعبے میں سعودی عرب 50 کروڑ ڈالرز کی سرمایہ کاری کریگا، چیئرمین آباد حسن بخشی

ہوا، آباد بستی رہائشی اسکیموں کا مسودہ دے، سندھ حکومت مکمل تعاون کرے گی، چیئرمین آباد محمد حسن بخشی نے کہا کہ سعودی حکومت اور آباد میں ایم او یو پر دستخط ہوا ہے جس کے تحت کراچی کے تعمیراتی شعبے میں سعودی عرب 50 کروڑ ڈالرز کی سرمایہ کاری کرے گا، لینڈ ریکارڈ اور پرمٹس کی اپروول ڈیجیٹائز کی جائے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے آباد ہاؤس میں منعقدہ باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 3



انٹر کلب باکسنگ چیمپئن شپ میں 150 سے زائد باکسرز کی شرکت

وحدت، تاجی، یو ایم ٹی، پی یو باکسنگ کلبوں کے باکسرز نے نمایاں پوزیشنز حاصل کیں

سابق انٹرنیشنل باکسرز سلیم بٹ، ذیشان بٹ، سابق قومی باکسرز طارق میر، سلیم لعل نے انعامات تقسیم کیے

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان آرمی اور پاکستان باکسنگ فیڈریشن کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت نیشنل کوچنگ سنٹر پاکستان سپورٹس بورڈ میں لاہور ڈویژن باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام لاہور ڈسٹرکٹ انٹر کلب باکسنگ چیمپئن شپ منعقد کی گئی۔ جس میں 13 باکسنگ کلبوں کے 150 سے زائد میل اینڈ فی میل باکسرز نے شرکت کی۔ اختتامی تقریب میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

ماہرہ خان کو نانی کی نصیحت نظر انداز کرنا مہنگا پڑ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی صف اول کی اداکارہ ماہرہ خان نے اپنی نئی فلم کی پروموشن کے دوران اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ان کی معمولی باتیں بھی کس طرح غلط رنگ دے کر پیش کی جاتی ہیں۔ ماہرہ نے گفتگو کے دوران ایک واقعہ یاد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

شادی پلی اسکول ویڈیو کا حقیقت سے پردہ اٹھ گیا

سرکاری میٹریل کی چوری روکنے پر بااثر افراد کی دھمکیاں، استاد کا ضلعی انتظامیہ سے فوری تحفظ و کارروائی کا مطالبہ

سوشل میڈیا پر چلائی جانے والی ویڈیو مکمل طور پر من گھڑت ہے اور دانستہ غلط تاثر پھیلانے کے لیے شیئر کی گئی۔

میرپورخاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شادی پلی اسکول ویڈیو کا حقیقت سے پردہ اٹھ گیا، ایماندار استاد سجاد مغل مسلسل ہراسانی کا نشانہ۔ سرکاری میٹریل کی چوری روکنے پر بااثر افراد کی دھمکیاں، استاد کا ضلعی انتظامیہ سے فوری تحفظ و کارروائی کا مطالبہ، ضلع عمرکوٹ کے گاؤں شادی پلی کے سرکاری پرائمری اسکول بائی سارہ کی داخل ہونے والی ویڈیو کے حوالے سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

ایکس (ٹوئٹر) میں ڈائریکٹ میسجز کی جگہ چیٹ کو دیدی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایکس (ٹوئٹر) نے آخرکار اپنا نیا چیٹ پلیٹ فارم متعارف کرا دیا ہے جس کا وعدہ کافی عرصے سے کیا جا رہا تھا۔ یہ نیا چیٹ پلیٹ فارم ایکس میں ڈائریکٹ میسجز کی جگہ لے گا۔ اس پلیٹ فارم کو چیٹ کا نام دیا گیا ہے اور اس میں میسجنگ کے حوالے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26



فیصل ندیم اور ندیم اعوان سے سردار فاروق گجر اور عبدالوحید زہری سے ملاقات

عبدالوحید زہری نے ضلع خضدار کے عوامی مسائل، سماجی مشکلات اور بنیادی سہولیات کی کمی پر تفصیلی گفتگو کی

زمینی حقائق کی نشاندہی کرتے ہوئے قیادت کو مؤثر اقدامات کی جانب متوجہ کیا۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آج مرکزی مسلم لیگ کے صوبہ سندھ کے صدر محترم فیصل ندیم اور کراچی ڈویژن کے صدر ندیم اعوان صاحب سے سردار محمد فاروق گجر اور عبدالوحید زہری کی ایک اہم اور مفید ملاقات ہوئی۔ جمعیت علماء اسلام یو سی 8 خضدار کے نائب امیر سردار محمد فاروق گجر صاحب نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ عبدالوحید زہری نے ضلع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ، بی ٹی کے اسٹارز کی فتح، فائنل میں رسائی

سعید حسن، قربان بروہی کی شاندار سنچریاں، میچ کے بہترین کھلاڑی قرار

نیشنل گیمز کا کراچی میں انعقاد خوش آئند ہے، احمد چوہان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں جاری سٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں بی ٹی کے اسٹارز نے معمار اسٹارز کو لوئر رنز سے شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ بی ٹی کے اسٹارز کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 245 رنز بنائے، سعید حسن اور قربان بروہی کی شاندار سنچریاں، قربان بروہی 128 اور سعید حسن 105 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ جواب میں معمار اسٹارز کی پوری ٹیم 155 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عتیق علی خان، رحمن کیانی کی 2، 2 وکٹیں۔ سعید حسن اور طلال کی عمدہ بولنگ سے بی ٹی کے اسٹارز کامیاب ہوگئی۔ سماجی رہنما احمد چوہان، شیخ ساجد کریم، سردار کامران خان ترین نے کہا کہ کراچی کو اسپورٹس سٹی کا درجہ دیا جائے۔ نیشنل گیمز کا کراچی میں انعقاد خوش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



کراچی کے مسائل کے حل کیلئے 20 دسمبر کو کراچی جرگہ کا اہم اجلاس

جرگہ میں مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات، سماجی رہنما اور سیاسی و تجارتی حلقوں کے نمائندگان بڑی تعداد میں شرکت کریں گے

کراچی کے مسائل کے حل کے لیے اجتماعی کوششوں اور عوامی مفاد کے منصوبوں کی تیاری اس اجلاس کا بنیادی مقصد ہے، جرگہ منتظمین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی جرگہ کے زیر اہتمام شہر کے دیرینہ سماجی، رفاہی اور شہری مسائل کے حل کے لیے ایک اہم اجلاس 20 دسمبر 2025 کو شام 7 بجے گلشن اقبال کراچی کے B&G بینکوئٹ ہال میں منعقد ہوگا۔ جرگہ میں مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات، سماجی رہنما اور سیاسی و تجارتی حلقوں کے نمائندگان بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ تقریب کی صدارت حاجی عبدالرزاق کریں گے جبکہ خصوصی مہمانوں میں جناب محمد سلیم (سابق صدر پاکستان میمن فیڈریشن)، حنیف مولانی (سابق صدر پاکستان کاٹی)، جناب زبیر گوہر (سکالر رپورٹر براڈکاسٹنگ میڈیا گروپ)، جناب اسحاق یوہانی (ہانی گروپ آف کمپنیز)، ڈاکٹر امجد گلزار (چیئرمین کراچی گرینڈ الائنس)، حسین قریشی (صدر کراچی جوبلی ایسوسی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

اعجاز علی خان شہانی اور غلام یاسین کھوکھر انتقال ہونیوالوں کے اہلخانہ سے تعزیت

اللہ پاک آپ سب خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے

اللہ پاک مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے آمین

بکھر (اعجاز شہانی) سینئر رہنما اور سابق ضلعی صدر بکھر پاکستان پیپلز پارٹی الحاج اعجاز علی خان شہانی اور صحافی غلام یاسین کھوکھر کا سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی چوہدری قمر زمان کاہلہ کی ساس، چوہدری نصر اللہ خان کاہلہ مرحوم کی چچی، چوہدری اختر کاہلہ مرحوم کی والدہ، معدل اختر کاہلہ، نوفل اختر کاہلہ کی دادی کی وفات پر اہلخانہ سے تعزیت اور اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک آپ سب خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے اللہ پاک مرحومہ کو جنت الفردوس میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

کراچی انتظامیہ کا مضر صحت دودھ، غیر قانونی LPG کی فروخت کیخلاف کریک ڈاؤن

مضر صحت دودھ فروش کے خلاف کارروائی دودھ تلف دودھ کی دکان اور غیر قانونی ایل پی جی کی دو دکانیں سیل ایف آئی آر درج

جوہر کمپلیکس پر گراں فروشی کے خلاف کارروائی کی نرخوں کی خلاف ورزی پر مختلف دکانداروں پر ایک لاکھ 53 ہزار روپے جرمانہ عائد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی انتظامیہ کی ناجائز منافع خوری کی روک تھام غیر قانونی بس اڈوں کے خلاف کارروائی اور صاف ستھرا ماحول کے خاتمے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

ہومیوپیتھک ڈاکٹر منیر شفیع ویلفیئر ٹرسٹ کے تحت لیکچر سیمینار، طبی ماہرین کی شرکت

پروگرام کا مقصد ہومیوپیتھک طریقہ علاج کے جدید پہلوؤں، کے مؤثر پر روشنی ڈالنا تھا

ہومیوپیتھی عوام کو کم خرچ اور مؤثر علاج فراہم کرنے والا طریقہ علاج ہے، نامور ماہرین

کراچی (رپورٹ: تحسین کمال) ہومیوپیتھک ڈاکٹر منیر شفیع ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے ایک اہم لیکچر سیمینار پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہر بھر سے طبی ماہرین، ہومیوپیتھک ڈاکٹرز، طلبہ اور سماجی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد ہومیوپیتھک طریقہ علاج کے جدید پہلوؤں، ادویات کی افادیت اور مریضوں کو درپیش مسائل کے مؤثر حل پر روشنی ڈالنا تھا۔ تقریب سے نامور ماہرین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہومیوپیتھی عوام کو کم خرچ اور مؤثر علاج فراہم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



سینیئر رہنما اور سابق ضلعی صدر بکھر پاکستان پیپلز پارٹی الحاج اعجاز علی خان شہانی اور صحافی غلام یاسین کھو انتقال ہونے والے افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں

سپر ہائی وے پر رہائشی فرینڈز زیبون منصوبہ کا شاندار افتتاح

16 ایکڑ پر مشتمل یہ رہائشی منصوبہ ہے، فرینڈز ایسوسی ایٹ بلڈرز اینڈ ڈویلپرز کی نگرانی میں تعمیر کیا جا رہا ہے

آج پلاٹ بک کروائیں کل سے اپنا مکان بنانا شروع کریں 120 گز پر ہر مکان بنے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں سپر ہائی وے پر جدید و عظیم الشان رہائشی فرینڈز زیبون منصوبہ کا شاندار افتتاح 16 ایکڑ پر مشتمل یہ رہائشی منصوبہ ہے۔ فرینڈز ایسوسی ایٹ بلڈرز اینڈ ڈویلپرز کی نگرانی میں تعمیر کیا جا رہا ہے۔ یہ منصوبہ پرائم لوکیشن پر واقع ہے۔ آج پلاٹ بک کروائیں کل سے اپنا مکان بنانا شروع کریں 120 گز پر ہر مکان بنے گا اپنا نقشہ پاس کروائیں اور مکان بنائیں انہوں نے مزید بتایا ہم اس سے پہلے 16 پروجیکٹ تعمیر کر چکے ہیں جس میں کراچی کمپلیکس، پروجیکٹ بہادر آباد، ڈیفنس، گلشن اور اس کے علاوہ حیدرآباد میں بھی پروجیکٹ ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



ہومیوپیتھک ڈاکٹر منیر شفیع ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے ایک اہم لیکچر سیمینار پروگرام میں لی گئی تصاویر

کورنگی انڈسٹریل ایریا میں دہشتگردی کا سدباب کیا جائے، کراچی صوبہ تحریک

صنعتی علاقوں میں مل مالکان سے بھتہ وصولی۔ افسران پر تشدد اور مزدوروں کو نوکری پر جانے سے روکنے کی کھلم کھلا وارداتوں کا تدارک کیا جائے

کورنگی انڈسٹریل ایریا میں لگنے والے تھانوں کی پولیس بھی آنکھیں بند رکھنے پر مجبور ہے، سعید انور بونیری، علامہ مرتضیٰ خان رحمانی، عامر ایجوکیشن والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی صوبہ تحریک نے کورنگی صنعتی ایریا میں کئی کئی ہفتوں سے جاری دہشتگردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتی علاقوں میں مل مالکان سے بھتہ وصولی۔ افسران پر تشدد اور مزدوروں کو نوکری پر جانے سے روکنے کی کھلم کھلا وارداتوں کا تدارک کیا جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



مہدویہ فرقہ کے میلاد کی ویڈیو پر سخت ایکشن لیا جائے، مولانا عبدالرشید نعمانی

ویڈیو کے اجراء نے امت مسلمہ کے دینی جذبات کو مجروح کیا ہے، رہنما جمعیت علماء اسلام

مہدوی کذاب میراں شہاب کو فی الفور گرفتار کیا جائے، اور یہ عمل ایک منظم سازش ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جمعیت علماء اسلام ضلع سینٹرل کراچی مولانا عبدالرشید نعمانی نے کذاب میراں شہاب کی جانب سے مہدویہ فرقہ کے بانی سید محمد جونپوری مہدوی کے نام پر جاری کردہ 600 سالہ میلاد کی ویڈیو کلپ کو شدید ترین الفاظ میں مسترد کرتے ہوئے اسے مذہبی منافرت، اشتعال انگیزی اور عقیدہ ختم نبوت ﷺ پر خطرناک حملہ قرار دیا ہے۔ مولانا عبدالرشید نعمانی نے کہا کہ اس ویڈیو کے اجراء نے امت مسلمہ کے دینی جذبات کو مجروح کیا ہے اور یہ عمل ایک منظم سازش کے تحت مہدویت و قادیانیت جیسے گمراہ عقائد کے فروغ کی کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل اسلامی عقائد اور ملی وحدت کے خلاف اعلان جنگ کے مترادف ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



ایکول انٹرنیشنل اسکولنگ سسٹم کے زیر اہتمام اسپورٹس ڈے کی رنگارنگ تقریب

نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کورنگی و چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایکول انٹرنیشنل اسکولنگ سسٹم کے زیر اہتمام اسپورٹس ڈے کی رنگارنگ اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

جیکب آباد، تاج ویلفیئر کی جانب سے اسکولی بچوں میں اسٹیشنری سامان تقسیم

تاج ویلفیئر گذشتہ چار سال سے مستحق لوگوں کی مدد کر رہا ہے، رہنماؤں کی گفتگو

جیکب آباد (رپورٹ عبدالقیوم عکھرانی) جیکب آباد کے نواح دودا پور کے قریب سماجی تنظیم تاج ویلفیئر کی جانب سے دودا پور کے مختلف گاؤں میں اسکولی بچوں میں کتب، بیگس اور دیگر اسٹیشنری کا سامان تقسیم کیا گیا۔ تاج ویلفیئر کے رہنما احمد رند، زین العابدین کلہار، آصف علی کلہار، محمد حنیف جتوئی اور دیگر نے دودا پور پہنچ کر مختلف گاؤں کے پرائمری اسکولوں کے بچوں کے درمیان کتب، تھیلے، پینسلیں اور دیگر اسٹیشنری کا سامان تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ تاج ویلفیئر کا مقصد غریب لوگوں کی مدد کرنا ہے، تاج ویلفیئر گذشتہ چار سال سے مستحق لوگوں کی مدد کر رہا ہے، ان کا کہنا تھا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے، دیہی علاقوں میں سرکاری عدم توجہ کے باعث کافی اسکول کھنڈرات بن گئے ہیں، معصوم بچوں کی تعلیم سخت متاثر ہو رہی ہے، کئی اسکولوں میں بچوں کو کتب، تھیلے اور دیگر سامان کی سخت کمی ہے، جس کی وجہ سے معصوموں کی پڑھائی متاثر ہو رہی ہے، ان کا مزید کہنا تھا کہ آج تاج ویلفیئر کی جانب سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



اپینک کے انتخابات: شکیل یامین کانگا چیئرمین، اصغر خان سیکرٹری جنرل منتخب

تقریب حلف برداری سے صوبائی وزیر محنت سعید غنی، مظہر عباس، طاہر حسن، حبیب الدین جنیدی کا خطاب



کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ ہم ٹریڈ یونینز کا مزدوروں کی سیاست کا انداز بدل رہا تو ہم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

تجاوزات ایک ناسور کی شکل اختیار کر چکا ہے، منصور احمد شیخ

منصور احمد شیخ کا انتظامیہ کے ہمراہ صدر بوہرہ بازار اور اطراف کے علاقوں کا تفصیلی دورہ

صدر ٹاؤن میں صفائی، نظم و ضبط اور عوامی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے کہا ہے کہ تجاوزات ایک ناسور کی شکل اختیار کر چکا ہے جس کا خاتمہ انتہائی ضروری ہے اس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



المنور ریسٹورنٹ میں سلام عشق قوالی نائٹ کا شاندار انعقاد

ملک سکندر عدیل انصاری نے اس محفل کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

کراچی (رپورٹر ملک سکندر) المنور ریسٹورنٹ میں گزشتہ روز سلام عشق کے عنوان سے ایک شاندار صوفی قوالی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہری معروف شخصیات، میڈیا نمائندگان اور شوبز سے تعلق رکھنے والے فنکاروں نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کی میزبانی معروف میڈیا پرسنلٹی ... جنرل سیکرٹری ... سی او ملک سکندر عدیل انصاری نے اس محفل کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ تقریب کے چیف گیسٹ کے طور پر ... جبکہ ٹک ٹاکر سیدہ فریال زوئی شیخ اور کراچی نوجوان فاؤنڈیشن کے چیئرمین فیضان حسین شریک ہوئے جنہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام معاشرتی ہم آہنگی اور فنون لطیفہ کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر میڈیا پرسنلٹی اور دیگر شوبز و میڈیا سے وابستہ نمایاں شخصیات بھی موجود تھیں، جنہوں نے قوالی نائٹ کے انتظامات، آرٹسٹوں کی کارکردگی اور خوشگوار ماحول کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کی صدارت میں اجلاس

اجلاس میں ترقیاتی کاموں اور ٹاؤن کی بہتری کے حوالے سے بات چیت

ایلیٹ بی ایف آر اور ادو سوئی کی چیئرمین صفورا ٹاؤن کو ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ



کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین صفورا ٹاؤن راشد خاصخیلی کی صدارت میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں میونسپل کمشنر عالمگیر جونیجو، وائس چیئرمین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

پاکستان ٹیکس بار کا سالانہ اجلاس و انتخابات

محمد طاہر بٹ جنرل سیکرٹری اور دیگر عہدیداران سال 2025 تا 2027 منتخب ہوگئے

سابق چیئرمین ایف بی آر شبر حسین زیدی اور متعدد اعزازی مہمان شریک تھے

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) پاکستان ٹیکس بار کا سالانہ اجلاس و انتخابات پرل کانٹی نینٹل کراچی میں منعقد ہوئے۔ اجلاس کے شیخ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



مقتول میٹھا چوہان کیس، کارپینٹر مبین پر بیٹی کے قتل کا الزام بے بنیاد قرار

تمام سوشل میڈیا الزامات کو جھوٹا ثابت کر دیا، ریلوے حکام کی پولیس کو باضابطہ رپورٹ ارسال

ریلوے کارپینٹر مبین پر اپنی بیٹی کے قتل کا الزام سراسر بے بنیاد، جھوٹ اور سوشل میڈیا کا ایک پروپیگنڈا ہے

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) مقتول میٹھا چوہان کیس ریلوے کی جانب سے کارپینٹر مبین پر بیٹی کے قتل کا الزام بے بنیاد قرار، ڈیوٹی ریکارڈ نے تمام سوشل میڈیا الزامات کو جھوٹا ثابت کر دیا۔ ریلوے حکام کی پولیس کو باضابطہ رپورٹ ارسال۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے کراچی ڈویژن کی جانب سے ایس ایس پی سپرنٹنڈنٹ پولیس میرپورخاص کو مراسلہ ارسال کیا گیا ہے، جس میں واضح کیا گیا ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری

بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے سو فیصد واجبات کی وصولی کرتا ہے، فیض اللہ

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن پنجاب کے جنرل سیکرٹری معراج حسن کی کراچی آمد

اسرار رحیمی، کامران عبدالرشید، سید فاروق نقوی اور محمد ذوالفقار نے ان کا شاندار استقبال کیا

معراج حسن صحافیوں کے درمیان محبت، اتحاد اور بھائی چارے کے فروغ کی جدوجہد میں ہمیشہ پیش پیش رہے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن پنجاب کے جنرل سیکرٹری معراج حسن کی آمد پر پریس کلب کے صدر اسرار رحیمی،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

غلام نبی شاہ جیلانی کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا

فیملی میڈیسن کانفرنس "فیملی کان 2025" کے افتتاحی سیشن کے دوران دیا گیا

تقریب میں پروونشل منسٹر فار ہیلتھ پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے انہیں ایوارڈ پیش کیا

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوگی) میرپورخاص سول سرجن میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو اسپتال میرپورخاص، ڈاکٹر سید غلام نبی شاہ جیلانی کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

